سوال

(325) چین کے ہوٹلوں میں کھانے پینے کی مشکلات

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں ایک صومالی طالب علم ہوں، چین میں پڑھتا ہوں اور مجھے کھانے میں عموما اور گوشت کھانے کے بارے میں خصوصا بہت سی مشکلات کا سامنا ہے۔ مثلا :

۱۔ میں نے چین میں آنے سے پہلے یہ سنا تھا کہ جن جانوروں کو ملحدوں نے ذبح کیا ہو، مسلمانوں کے لئے ان کا کھانا جائز نہیں ہے۔ ہم مسلمانوں کے لئے یہاں یونیورسٹی میں ایک چھوٹا سا ہوٹل ہے، جس میں گوشت بھی پکتا ہے لیکن مجھے یقین نہیں کہ اس گوشت کو اسلامی نریقے سے ذبح کیا گیا ہو بلکہ مجھے شک ہے جب کہ میرے ساتھی میری طرح کسی شک میں بتلا نہیں اور وہ اس گوشت کو کھالیتے ہیں، سوال یہ ہے کہ میرے ساتھی حق پر ہیں یا وہ حرام گوشت کھاتے ہیں ؟

۲۔ اسی طرح مسلمانوں اور غیر مسلمانوں کے لئے کھانے کے برتنوں میں کوئی امتیاز نہیں ہے تو اس قسم کے مسائل کے لئے مجھے کیا کرنا چاہیئے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اہل کتاب یعنی یہود و نصاری کے علاوہ دیگر کافروں مثلا مجوسی، بت پرست اور سوشلسٹ وغیرہ کا ذبیحہ اور ذبیحوں سے بنی ہوئی چیزیں کھانا مسلمانوں کے لئے حلال نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے کافروں میں سے صرف اہل کتاب کا کھانا جائز قرار دیا ہے، چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے :

اَلْيَوْمَ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ ۖ وَطَعَامُ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ حِلٌّ لَّكُمْ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ (المائدۃ ۵/۵)

’’آج تمہارے لئے سب پاکیزہ چیزیں حلال کردی گئیں اور اہل کتاب کا کھانا بھی تمہارے لئے حلال ہے اور تمہارا کھانا ان کے لئے حلال ہے۔‘‘

طعام سے مراد ذبیحے ہیں جیسا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم اور کئی دیگر نے فرمایا ہے، پھل وغیرہ کھانے میں کوئی حرج نہیں کیونکہ یہ حرام کھانے میں شامل نہیں ہے۔ مسلمانوں کا کھانا مسلمانوں اور غیر مسلموں سب کے لئے حلال ہے بشرطیکہ مسلمان سچے مسلمان ہوں کہ وہ صرف اللہ وحدہ لاشریک کی عبادت کرتے ہوں اور غیر اللہ مثلا انبیاء، اولیاء اور اصحاب قبور کی عبادت نہ کرتے ہوں۔ جیسا کہ کفار غیر اللہ کی پوجا کرتے ہیں۔

جہاں تک برتنوں کا تعلق ہے تو واجب ہے کہ مسلمانوں کے برتن کافروں کے ان برتنوں سے الگ ہوں جنہیں وہ اپنے کھانوں اور شراب وغیوہ کے لئے استعمال کرتے ہوں اگر برتن الگ الگ نہ ہوں تو پھر مسلمانون کے باورچی کے لئے ضروری ہے کہ کافروں کے استعمال کئے ہوئے برتنوں کو اچھی طرح دھو کر پاک کرلے اور پھر ان کو کھانے کے لئے استعمال کرے جیسا کہ صحیحین میں حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے مشرکوں کے برتنوں میں کھانا کھانے کے بارے میں سوال کیا تو نبی

کریم ﷺ نے فرمایا کہ ''ان میں کھانا نہ کھاؤ ہاں اگر ان کے علاوہ اور برتن نہ ہوں تو انہیں دھولو اور ان میں کھانا کھالو۔''

[مقالات وفتاویٰ ابن باز]

صفحہ 413

محدث فتویٰ